23 اکتوبر 2023ء

میسرز سی ایم پی ای سی سی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کا ای ایم آئی لائسنس واپس لینے کے متعلق ضوابطی ہدایات

بینک دولت پاکستان (ایس بی پی) نے 23 اکتوبر 2023ء کو میسرز سی ایم پی ای سی سی (پرائیویٹ) لمیٹڈ، جو اس وقت الیکٹرانک منی انسٹی ٹیوشنز (ای ایم آئیز) کے ضوابط کے تحت 'کمرشل مرحلے' پر ہے، کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے تمام ای منی والٹ ہولڈرز کو ان کی تمام واجب الادا رقوم فوری طور مذکورہ لیٹر (بتاریخ 23 اکتوبر 2023ء) جاری ہونے کے 15 دنوں میں ری فنڈ کر دے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ ای ایم آئیز کے ضوابط کے تحت صارفین کے فنڈز واپس کرنے کی ذمہ داری میسرز سی ایم پی ای سی سی کی ہے۔

یہ قدم میسرز سی ایم پی ای سی سی کی یہ درخواست موصول ہونے کے بعد اٹھایا گیا ہے کہ اس کا ای منی کاروبار بند کر دیا جائے اور ای ایم آئیز کے ضوابط کے تحت ای منی کا لائسنس واپس لے لیا جائے۔ واضح رہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان ای ایم آئی کے لائسنس نان بینک اداروں کو تین مراحل میں جاری کرتا ہے یعنی اصولی منظوری، آزمائشی آپریشنز کی منظوری اور کمرشل آپریشنز کی منظوری۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان، میسرز سی ایم پی ای سی سی کے لائسنس کی منسوخی کے بارے میں ای ایم آئیز کے ضوابط کے تحت مزید ہدایات علیحدہ جاری کرے گا۔

****